[]ترویہ کے لغوی معنی

اس کے لغوی معنی سیراب کرنے اور پانی فراہم کرنے کے ہیں اسے یوم النقلہ بھی کہتے ہیں کیونکہ اس دن حجاج منی کی طرف کوچ [2]کرتے ہیں۔

[وجہ تسمیہ[ترمیم ماخذ

خواب میں ابراہیم علیہ السلام کو حکم دیا گیا کہ اپنے فرزند اسمعیل علیہ السلام کو ذبح کریں۔اس حکم کی صورت یہ ہوئی کہ ذی الحجہ کی آٹھویں تاریخ کی شب میں انھوں نے خواب میں دیکھا کہ اللہ نے اپنے بیٹے اسمعیل کو ذبح کرنے کا حکم دیا ہے۔ صبح کو اٹھے تو سوچ میں پڑ گئے(کہ کیا یہ حکم خداوندی تھا) صبح سے شام تک اسی سوچ میں رہے کہ یہ خواب رحمانی ہے یا شیطانی،اسی لئے ذی الحجہ کی آٹھویں [3]تاریخ کو یوم الترویہ (سوچ کا دن) کہا جاتا ہے۔

[وجہ آخر[ترمیم ماخذ

دوسری وجہ تسمیہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ قدیم زمانے میں جب حجاج آٹھ ذی الحجہ کو منی جاتے تھے تو وہاں پانی نہ ہونے کی وجہ سے ان کو تکلیف ہوتی تھی،چنانچہ منی روانگی سے قبل مکہ سے زمزم کا پانی بھر لیتے تھے اور پھر منی جاتے تھے. چنانچہ اس دن کا نام یوم الترویہ (پانی بھرنے کا دن)پڑ گیا.

[حوالہ جات[ترمیم ماخذ

معجم اصطلاحات، ریاض حسین شاہ، صفحہ 278،ادارہ تعلیمات اسلامیہ راولپنڈی ↑ اوپر جائیں

دائرہ معارف اسلامیہ جلد6 صفحہ 387 جامعہ پنجاب لاہور ↑ اوپر جائیں

102 تفسیر مظہری قاضی ثناءاللہ پانی پتی سورہ الصافات،آیت ↑ اوپر جائیں

دت ت ▼

مناسک حج

حج• ارکان حج• ایام تشریق• حج کے مہینے• اقسام حج• احرام• تلبیہ• جحفہ• صفاومروہ• دم• قربانی• جبل عرفات• جمرہ عقبہ• جمرہ عقبہ کبری• ذوالحلیفہ• ذات عرق• عیدالاضحی• طواف زیارت• طواف وداع• قرن المنازل• ممنوعات احرام• مزدلفہ• منی• عرفات• میقات حج• میقات اہل مکہ• یلملم• واجبات حج• سنن حج• یوم ترویہ• یوم عرفہ